روزنامہ

الفضل

ٹیلی فون نمبر 047-6213029 C.P.L 29-FD

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

بدھ 19 دسمبر 2007ء 8 ذی الحج 1428 ہجری 19 فتح 1386 ہش جلد 57-92 نمبر 287

عید الاضحیہ کی تکبیرات

احادیث سے پتہ چلتا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم اور آپ کے صحابہ کرام عیدالاضحیہ کے موقعہ پر 9/ذی الحجہ کی نماز فجر سے 13/ذی الحجہ کی نماز عصر تک ہر فرض نماز کے بعد تکبیرات کہا کرتے تھے۔

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

اے خدا کے بندو اپنے اس دن میں کہ جو بقر عید کا دن ہے غور کرو اور سوچو- کیونکہ ان قربانیوں میں عقلمندوں کے لئے بھید پوشیدہ رکھے گئے ہیں- اور آپ لوگوں کو معلوم ہے کہ اس دن بہت سے جانور ذبح کئے جاتے ہیں اور کئی گلے اونٹوں کے اور کئی گلے گائیوں کے ذبح کرتے ہیں اور کئی ریوڑ بکریوں کے قربانی کرتے ہیں اور یہ سب کچھ خدا تعالیٰ کی رضا جوئی کے لئے کیا جاتا ہے اور اسی طرح زمانہ اسلام کے ابتداء سے ان دنوں تک کیا جاتا ہے اور میرا گمان ہے کہ یہ قربانیاں جو......اس روشن شریعت میں ہوتی ہیں احاطہ شمار سے باہر ہیں- اور ان کو ان قربانیوں پر سبقت ہے کہ جو نبیوں کی پہلی امتوں کے لوگ کیا کرتے تھے اور قربانیوں کی کثرت اس حد تک پہنچ گئی ہے کہ ان کے خونوں سے زمین کا منہ چھپ گیا ہے- یہاں تک کہ اگر ان کے خون جمع کئے جائیں اور ان کے جاری کرنے کا ارادہ کیا جائے تو البتہ ان سے نہریں جاری ہو جائیں اور دریا بہہ نکلیں اور زمین کے تمام نشیبوں اور وادیوں میں خون رواں ہونے لگے اور یہ کام...... دین میں ان کاموں میں سے شمار کیا گیا ہے کہ جو اللہ تعالیٰ کے قرب کا موجب ہوتے ہیں اور اس سواری کی طرح یہ سمجھے گئے ہیں کہ جو اپنی سیر میں بجلی سے مشابہ ہو جس کو بجلی کی چمک سے مماثلت حاصل ہو اور اسی وجہ سے ان ذبح ہونے والے جانوروں کا نام قربانی رکھا گیا- کیونکہ حدیثوں میں آیا ہے کہ یہ قربانیاں خدا تعالیٰ کے قرب اور ملاقات کا موجب ہیں اس شخص کے لئے کہ جو قربانی کو اخلاص اور خدا پرستی اور ایمان داری سے ادا کرتا ہے- اور یہ قربانیاں شریعت کی بزرگ تر عبادتوں میں سے ہیں اور اسی لئے قربانی کا نام عربی میں نسیکہ ہے اور نسک کا لفظ عربی زبان میں فرمانبرداری اور بندگی کے معنوں میں آتا ہے اور ایسا ہی یہ لفظ یعنی نسک ان جانوروں کے ذبح کرنے پر بھی زبان مذکور میں استعمال پاتا ہے جن کا ذبح کرنا مشروع ہے- پس یہ اشتراک کہ جو نسک کے معنوں میں پایا جاتا ہے قطعی طور پر اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ حقیقی پرستار اور سچا عابد وہی شخص ہے جس نے اپنے نفس کو مع اس کی تمام قوتوں اور مع اس کے ان محبوبوں کے جن کی طرف اس کا دل کھینچا گیا ہے اپنے رب کی رضا جوئی کے لئے ذبح کر ڈالا ہے اور خواہش نفسانی کو دفع کیا یہاں تک کہ تمام خواہشیں پارہ پارہ ہو کر گر پڑیں اور نابود ہو گئیں اور وہ خود بھی گداز ہو گیا اور اس کے وجود کا کچھ نمود نہ رہا اور چھپ گیا اور فنا کی تند ہوائیں اس پر چلیں اور اس کے وجود کے ذرات کو اس ہوا کے سخت دھکے اڑا کر لے گئے اور جس شخص نے ان دونوں مفہوموں میں کہ جو باہم نسک کے لفظ میں مشارکت رکھتے ہیں غور کی ہوگی اور اس مقام کو تدبر کی نگاہ سے دیکھا ہوگا اور اپنے دل کی بیداری اور دونوں آنکھوں کے کھولنے سے پیش و پس کو زیر نظر رکھا ہوگا پس اس پر پوشیدہ نہیں رہے گا اور اس امر میں کسی قسم کی نزاع اس کے دامن کو نہیں پکڑے گی کہ یہ دو معنوں کا اشتراک کہ جو نسک کے لفظ میں پایا جاتا ہے اس بھید کی طرف اشارہ ہے کہ وہ عبادت جو آخرت کے خسارہ سے نجات دیتی ہے وہ اس نفس امارہ کا ذبح کرنا ہے کہ جو برے کاموں کے لئے زیادہ سے زیادہ جوش رکھتا ہے اور ایسا حاکم ہے کہ ہر وقت بدی کا حکم دیتا رہتا ہے پس نجات اس میں ہے کہ اس برا حکم دینے والے کو انقطاع الی اللہ کے کاردوں سے ذبح کر دیا جائے اور خلقت سے قطع تعلق کر کے خدا تعالیٰ کو اپنا مونس اور آرام جان قرار دیا جائے اور اس کے ساتھ انواع واقسام کی تلخیوں کی برداشت بھی کی جائے- تا نفس غفلت کی موت سے نجات پاوے-

(خطبہ الہامیہ- روحانی خزائن جلد 16 ص 31تا35)

حضور انور کا خطبہ عیدالاضحیٰ

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز مورخہ 20 دسمبر 2007ء کو بیت الفتوح لندن میں خطبہ عیدالاضحیٰ ارشاد فرمائیں گے۔ حضور انور کے اس خطبہ عید کیلئے ایم ٹی اے کی براہ راست نشریات کا آغاز پاکستانی وقت کے مطابق دوپہر 2:30 بجے ہوگا۔ اسی دوران خطبہ عید نشر ہوگا۔ احباب استفادہ فرمائیں۔

واقفین نو متوجہ ہوں

۞ بعض واقفین نو کو طب کی تعلیم بھی حاصل کرنی چاہئے۔ اس کے لئے طبیہ کالج میں داخلہ کیلئے میٹرک سائنس مضامین کے ساتھ کم از کم سیکنڈ ڈویژن میں پاس ہونا ضروری ہے۔ جو واقفین نو طب کی تعلیم حاصل کرنے میں دلچسپی رکھتے ہوں وہ مزید مشورہ اور معلومات کیلئے وکالت وقف نو سے رابطہ فرمائیں۔

(وکیل وقف نو تحریک جدید ربوہ)

قربانی کی کھالوں کیلئے ٹینڈر

۞ قربانی کی کھالوں کیلئے ٹینڈر مطلوب ہیں۔ خواہشمند حضرات اپنے ٹینڈر دستی یا بذریعہ ڈاک مورخہ 19 دسمبر 2007ء تک دفتر لوکل انجمن احمدیہ میں شام چھ بجے تک جمع کرادیں۔

(صدر عمومی لوکل انجمن احمدیہ ربوہ)

درخواست دعا

☆ خدا تعالیٰ کی راہ میں قید کئے جانے والے مختلف احباب جماعت کی باعزت رہائی کیلئے درخواست دعا ہے۔ اللہ تعالیٰ ان اسیران راہ مولیٰ کو اپنی حفظ وامان میں رکھے اور ان کو ہر قسم کی پریشانی سے بچائے۔ آمین

اطلاعات و اعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

ترجمہ قرآن مجید سیکھنے کی سعادت

مکرم بشیر احمد قمر صاحب ایڈیشنل ناظر اصلاح وارشاد تعلیم القرآن تحریر کرتے ہیں۔

خاکسار کی دو واقفہ نو پوتیوں عزیزہ سعدیہ مظفر نے بعمر 9 سال اور عزیزہ صوفیہ مظفر نے بعمر 10 سال خدا کے فضل اور توفیق سے قرآن کریم با ترجمہ مکمل کیا ہے۔ بچیاں مکرم مظفر احمد قمر صاحب کی بیٹیاں، خاکسار کے بہنوئی مکرم بشارت احمد مرزا صاحب کی نواسیاں اور مکرم نصیر احمد قمر صاحب ایڈیٹر انٹرنیشنل الفضل کی بھتیجیاں ہیں۔ احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان بچیوں کو وقف کے تقاضوں کو پورا کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

ایک دعائیہ تقریب

مورخہ 9 دسمبر 2007ء کو بعد نماز مغرب بیت الصادق دارالیمن شرقی الف کی تعمیر نو کے حوالے سے ایک دعائیہ تقریب منعقد ہوئی جس کے مہمان خصوصی محترم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب ناظر اعلیٰ و امیر مقامی تھے۔ تلاوت و نظم کے بعد مکرم محمد ادریس شاہد صاحب صدر محلّہ دارالیمن شرقی الف نے رپورٹ میں خوبصورت بیت الذکر کی تعمیر کے مراحل پر روشنی ڈالی۔ محترم مہمان خصوصی نے اپنے خطاب میں اس تعمیر کو سراہا اور اس کی اصل خوبصورتی یعنی نماز باجماعت کے قیام پر نصائح فرمائیں۔ دعا کے ساتھ یہ تقریب اپنے اختتام کو پہنچی۔ آخر پر جملہ مہمانان کی خدمت میں عشائیہ پیش کیا گیا۔

عالمی یوم معذوراں

(مجلس نابینا ربوہ)

مجلس نابینا ربوہ کے زیر اہتمام مورخہ 3 دسمبر 2007ء کو بلائنڈ سیکشن خلافت لائبریری ربوہ میں ایک تقریب زیر صدارت مکرم پروفیسر خلیل احمد صاحب صدر مجلس نابینا ربوہ منعقد کی گئی۔ تلاوت و نظم کے بعد مکرم حافظ محمود احمد صاحب اور مکرم پروفیسر خلیل احمد صاحب نے ہمت و جوانمردی کے ساتھ کام کرنے کی تلقین کی اور بعض معذور لوگوں کے باہمت کام بھی بتائے۔ مکرم حفیظ احمد صاحب جج نے اپنا منظوم کلام سنایا۔ آخر میں حافظ محمد ابراہیم عابد صاحب مربی سلسلہ نے تقریب کی دعا کے ساتھ یہ تقریب اختتام کو پہنچی۔

مجلس نابینا ربوہ کے ایک وفد نے 7 دسمبر کو جھنگ صدر میں منعقد ہونے والے سالانہ کنونشن انجمن نابینا ضلع جھنگ میں بھی شرکت کی۔ اس سالانہ اجلاس میں نئے صدر کا انتخاب اور نئے سال کا بجٹ منظور ہوا۔ نیز بعض دیگر مشورہ جات بھی ہوئے۔ مجلس نابینا ربوہ کے افراد نے بھی بھرپور کردار ادا کیا۔ احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ تمام ممبران کو ہمت و حوصلہ عطا فرمائے اور دینی و دنیاوی انعامات سے نوازے۔ آمین

(جنرل سیکرٹری مجلس نابینا ربوہ)

ولادت

مکرم فرید احمد ناصر صاحب مربی سلسلہ دفتر ایم ٹی اے ربوہ تحریر کرتے ہیں۔

مکرم شاہد لطیف احمد صاحب پاشا جرمنی اور محترمہ عظمیٰ رحمٰن صاحبہ کو اللہ تعالیٰ نے مورخہ 28 نومبر 2007ء کو محض اپنے فضل و کرم سے ایک بیٹی کے بعد بیٹا عطا فرمایا ہے جس کا نام حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ نے از راہ شفقت واحسان فارس احمد عطا فرمایا ہے نومولود وقف نو میں شامل ہے۔ جو مکرم چوہدری نور احمد صاحب عابد دارالصدر شمالی ربوہ کا پوتا اور محترم چوہدری عبدالرحمٰن صاحب آف لاہور کا نواسہ ہے۔ احباب کرام کی خدمت میں درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ نومولود کو باسعادت، باعمر، صالح، خادم دین اور والدین کیلئے قرۃ العین بنائے۔ آمین

ولادت

مکرم محمد بشیر صاحب سابق امیر ضلع کوٹلی آزاد کشمیر تحریر کرتے ہیں۔

میری بیٹی مکرمہ فریدہ اسحٰق صاحبہ اہلیہ مکرم محمد اسحٰق صاحب مقیم جرمنی کو دو بیٹیوں کے بعد اللہ تعالیٰ نے محض اپنے فضل سے مورخہ 19 نومبر 2007ء کو پہلے بیٹے سے نوازا ہے بچے کا نام عطاء الرافع اسحٰق تجویز ہوا ہے احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ محض اپنے فضل سے بچے کو نیک اور صالح اور والدین کیلئے آنکھوں کی ٹھنڈک بنائے۔ آمین

نصرت جہاں انٹر کالج کا اعزاز

بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن فیصل آباد کے تحت ہونے والے سالانہ انٹر کالجیٹ ٹینس چیمپئن شپ 08-2007 منعقدہ 28 تا 30 نومبر 2007ء گورنمنٹ کالج جڑانوالہ میں نصرت جہاں انٹر کالج ربوہ کی ٹینس ٹیم نے فیصل آباد بھر کے کالجز میں تیسری پوزیشن حاصل کی۔ نصرت جہاں انٹر کالج ربوہ کی ٹیم میں درج ذیل کھلاڑی شامل ہیں۔

قاصد احمد ولد مکرم ناصر احمد صاحب
محمد فائز گورایہ ولد مکرم محمد خالد گورایہ صاحب
طاہر رضوان ولد مکرم آفتاب احمد صاحب

احباب کرام سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ ادارہ کو مزید اعلیٰ کامیابیوں اور اعزازات سے نوازے۔ ہمیں حقیقی وقف کی روح سے اپنے فرائض ادا کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

(پرنسپل نصرت جہاں انٹر کالج ربوہ)

اجتماعی وقار عمل

مجلس انصاراللہ مقامی ربوہ کے زیر اہتمام مورخہ 7 دسمبر 2007ء بروز جمعۃ المبارک قبرستان عام میں ایک اجتماعی وقار عمل منعقد ہوا۔ صبح سات بجے مکرم چوہدری نصیر احمد صاحب زعیم اعلیٰ مجلس انصاراللہ مقامی ربوہ نے اجتماعی دعا کے ساتھ پروگرام کا آغاز کیا۔ اللہ تعالیٰ کے فضل کے ساتھ ربوہ کے 310 انصار نے دلچسپی کے ساتھ شرکت کی اور پونے نو بجے تک کام جاری رکھا۔ وقار عمل کے دوران غیر ضروری جڑی بوٹیوں اور جنگلی کیکروں کو تلف کیا گیا نیز قبرستان کی عمومی صفائی کی گئی جو قبریں بیٹھ چکی تھیں انہیں مٹی ڈال کر درست کیا گیا۔ وقار عمل کے بعد انصار بھائی ایک جگہ جمع ہوئے اور ان کی خدمت میں بطور ریفریشمنٹ کینو پیش کیے گئے۔ مکرم چوہدری عطاء الرحمٰن صاحب نائب زعیم اعلیٰ نے انصار کے مثالی تعاون کا شکریہ ادا کیا۔ آخر میں مکرم صدیق احمد منور صاحب منتظم عمومی نے اجتماعی دعا کرائی

ولادت

مکرم چوہدری محمد سلیم صاحب چرغہ ہاؤس ربوہ اطلاع دیتے ہیں۔

میرے بیٹے مکرم حافظ طارق سلیم صاحب اور بہو مکرمہ حافظ نائلہ طارق صاحبہ کو اللہ تعالیٰ نے مورخہ 19 نومبر 2007ء کو پہلی بیٹی عطا فرمائی ہے۔ بچی کا نام ضحیٰ طارق تجویز ہوا ہے جو کہ مکرم سیٹھ قدیر احمد صاحب طاہر آباد کی نواسی ہے۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے وقف نو کی تحریک میں شامل ہونے کی از راہ مہربانی منظوری عطا فرمادی ہے۔

اسی طرح میرے دوسرے بیٹے مکرم خالد سلیم صاحب و بہو مکرمہ قرۃ العین خالد صاحبہ کو بھی اللہ تعالیٰ نے مورخہ 31۔ اکتوبر 2007ء کو بیٹی عطا فرمائی ہے بچی مکرم راشد مرزا صاحب جرمنی کی نواسی ہے۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے از راہ شفقت درشہوار خالد نام عطا فرمایا ہے اور وقف نو میں بھی شامل ہونے کی اجازت عطا فرمائی ہے۔

نیز میری بیٹی مکرمہ عائشہ شیراز صاحبہ اہلیہ مکرم خواجہ شیراز احمد صاحب ابن مکرم خواجہ حمید احمد صاحب مرحوم راولپنڈی کو بھی خدا تعالیٰ نے مورخہ 26 ستمبر 2007ء کو پہلی بیٹی عطا فرمائی ہے جس کا نام مناہل شیراز تجویز ہوا ہے۔ بچی وقف نو کی عظیم الشان تحریک میں شامل ہے۔ احباب سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ بچوں کو باعمر کرے، ماں باپ کیلئے قرۃ العین احمدیت اور بنی نوع انسان کیلئے نافع الناس وجود بنائے۔ آمین

رابطہ فرمائیں

ایڈریس تبدیل ہونے کی وجہ سے مندرجہ ذیل والدین سے وکالت وقف نو کا رابطہ نہیں ہو رہا۔ براہ مہربانی فوری طور پر وکالت وقف نو سے رابطہ فرمائیں یا اپنے موجودہ ایڈریس سے مطلع فرمائیں۔

محترمہ طیبہ نصیر صاحبہ سابقہ ایڈریس رندھاوا ہاؤس 91A ناصر آباد جنوبی۔ ربوہ

مکرم منیر احمد صاحب سابقہ ایڈریس 52 دارالعلوم وسطی ربوہ۔

محترمہ قرۃ العین صاحبہ زوجہ مکرم عبدالحی سابقہ ایڈریس 1/24 دارالعلوم غربی ربوہ

ملک سیف الرحمٰن صاحب ولد حبیب الرحمٰن سابقہ ایڈریس 25/19 دارالفضل غربی ربوہ

محترم عاصم سیف صاحب سابقہ ایڈریس c/o رحمت اللہ سیف نئی آبادی طارق آباد گوجرانوالہ روڈ ڈسکہ سیالکوٹ۔

(وکالت وقف نو)

نکاح

مکرم شیخ مظفر احمد صاحب دنیاپور تحریر کرتے ہیں۔

محض خدا تعالیٰ کے فضل سے محترم مولانا مبشر احمد صاحب کاہلوں ایڈیشنل ناظر اصلاح وارشاد مقامی ربوہ نے مورخہ 7۔ اکتوبر 2007ء کو بعد از نماز عصر بیت المبارک ربوہ میں خاکسار کے سب سے چھوٹے بیٹے مکرم محمد ولید احمد مشتاق صاحب مربی سلسلہ کے نکاح کا اعلان مکرمہ شگفتہ کنول خانم صاحبہ بنت مکرم امان اللہ خان ظفر صاحب ناصر آباد شرقی ربوہ کے ساتھ مبلغ 50 ہزار روپے حق مہر پر کیا۔ مکرم ولید احمد مشتاق صاحب حضرت شیخ محمد سلطان صاحب رفیق حضرت مسیح موعود اور مکرمہ شگفتہ کنول خانم صاحبہ حضرت حافظ فتح محمد خان صاحب مندرانی رفیق حضرت مسیح موعود کی نسل میں سے ہیں۔ احباب جماعت سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ اس رشتہ کو جانبین کیلئے بابرکت فرمائے اور ثمرات حسنہ سے نوازے۔ آمین

ولادت

مکرم ڈاکٹر کریم اللہ زیروی صاحب آف نیو جرسی امریکہ اطلاع دیتے ہیں کہ ان کے بیٹے مکرم ڈاکٹر منیب طاہر زیروی صاحب اور بہو مکرمہ شازیہ منیب صاحبہ مقیم امریکہ کو اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے مورخہ 5 دسمبر 2007ء کو ایک بیٹے اور بیٹی کے بعد دوسرے بیٹے سے نوازا ہے۔ نومولود کا نام سیف الرحمٰن تجویز ہوا ہے۔ ڈاکٹر منیب طاہر زیروی صاحب حضرت ملک سیف الرحمٰن صاحب سابق مفتی سلسلہ کے نواسے اور مکرم صوفی خدا بخش عبد زیروی صاحب سابق نائب ناظم وقف جدید کے پوتے ہیں۔ احباب کرام کی خدمت میں نومولود کے نیک صالح اور خادم دین والدین کیلئے قرۃ العین ہونے کیلئے درخواست دعا ہے۔

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

جلسہ سالانہ کے اغراض و مقاصد

ایمان، یقین اور معرفت میں ترقی

مکرم حیدر علی ظفر صاحب مربی انچارج جرمنی

حضرت مسیح موعود نے اذنِ الٰہی سے 1891ء میں جلسہ سالانہ کی بنیاد رکھی تھی۔آپ نے بار بار اس کی عظمت اور برکت کا اپنی تحریرات میں ذکر فرمایا ہے۔ ایک جگہ فرمایا:۔

''اس جلسہ کو معمولی انسانی جلسوں کی طرح خیال نہ کریں۔ یہ وہ امر ہے جس کی خالص تائید حق اور اعلائے کلمہ (۔) پر بنیاد ہے۔اس سلسلہ کی بنیادی اینٹ خدا تعالیٰ نے اپنے ہاتھ سے رکھی ہے اور اس کیلئے قومیں طیار کی ہیں جو عنقریب اس میں آملیں گی۔کیونکہ یہ اس قادر کا فعل ہے جس کے آگے کوئی بات انہونی نہیں۔''

(اشتہار 7/دسمبر 1892ء مجموعہ اشتہارات جلد اوّل صفحہ 341)

جلسہ سالانہ جماعت احمدیہ کی تاریخ کا اہم حصّہ ہے۔یہ خدا تعالیٰ کی عظیم الشان قدرتوں کا ایک نشان ہے۔جماعت احمدیہ کی روز افزوں ترقی کا آئینہ دار ہے۔حضرت مسیح موعود نے جس جلسہ کی بنیاد رکھی تھی اس کے تتبع اور پیروی میں مختلف جماعتیں بھی اپنے ہاں جلسے منعقد کرتی ہیں۔ان جلسوں کے اغراض و مقاصد بھی وہی ہیں جو حضرت مسیح موعود نے بیان فرمائے ہیں۔ان اغراض و مقاصد میں سے ایک یہ ہے کہ:

''اور اس جلسہ میں ایسے حقائق اور معارف کے سُنانے کا شغل رہے گا جو ایمان اور یقین اور معرفت کو ترقی دینے کے لئے ضروری ہیں۔''

(روحانی خزائن جلد نمبر 4 صفحہ 352)

اِس مضمون میں خاکسار حضرت مسیح موعود کی تحریرات کی رُو سے ایمان، یقین اور معرفت کے بارے میں کچھ عرض کرے گا۔ایمان کے بارے میں حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:۔

''خدا تعالیٰ پر پورا ایمان ہو تو انسان کے دل میں خوف اور خشیت بھی ہوتی ہے۔جیسے ایمان کم ہوتا ہے ویسے ہی خشیت بھی کم ہوتی جاتی ہے۔''

(ملفوظات جلد 5 صفحہ 175۔جدید ایڈیشن)

''ایمان کوئی آسان سی بات نہیں ۔جب تک انسان مر ہی نہ جاوے تب تک کہاں ہوسکتا ہے کہ سچا ایمان حاصل ہو۔''

(ملفوظات جلد نمبر 5 صفحہ 561۔جدید ایڈیشن)

ایمان کامل کے حصول کی اہمیت

ایمان کامل کس قدر ضروری ہے۔اس سلسلہ میں حضرت مسیح موعود نے فرمایا:۔

''سواُٹھو ایمان کو ڈھونڈو اور فلسفہ کے خشک اور بے سود ورقوں کو جَلاؤ کہ ایمان سے تم کو برکتیں ملیں گی۔ایمان کا ایک ذرہ فلسفہ کے ہزار دفتر سے بہتر ہے۔''

(روحانی خزائن جلد 5 صفحہ 271-272)

ایمان کسے کہتے ہیں۔اس بارے میں حضور فرماتے ہیں:۔

''ایمان اس بات کو کہتے ہیں کہ اُس حالت میں مان لینا کہ جبکہ ابھی علم کمال تک نہیں پہنچا اور شکوک وشبہات سے ہنوز لڑائی ہے۔پس جو شخص ایمان لاتا ہے یعنی باوجود کمزوری اور نہ مہیّا ہونے کل اسباب یقین کے اس بات کو اغلب احتمال کی وجہ سے قبول کر لیتا ہے وہ حضرت احدیت میں صادق اور راستباز شمار کیا جاتا ہے اور پھر اس کو موہبت کے طور پر معرفتِ تامّہ حاصل ہوتی ہے اور ایمان کے بعد عرفان کا جام اُس کو پلایا جاتا ہے۔اسی لئے ایک مردِ متقی رسولوں اور نبیوں اور مامورین من اللہ کی دعوت کو سن کر ہر ایک پہلو پر ابتداء امر میں ہی حملہ کرنا نہیں چاہتا بلکہ وہ حصّہ جو کسی مامور من اللہ کے منجانب اللہ ہونے پر بعض صاف اور کھلے کھلے دلائل سے سمجھ آجاتا ہے اُسی کو اپنے اقرار اور ایمان کا ذریعہ ٹھہرا لیتا ہے اور وہ حصّہ جو سمجھ نہیں آتا اُس میں سنّتِ صالحین کے طور پر استعارات اور مجازات قرار دیتا ہے۔اور اس طرح تناقض کو درمیان سے اُٹھا کر صفائی اور اخلاص کے ساتھ ایمان لے آتا ہے۔تب خدا تعالیٰ اُس کی حالت پر رحم کرکے اور اس کے ایمان پر راضی ہوکر اور اُس کی دُعاؤں کو سن کر معرفتِ تامّہ کا دروازہ اُس پر کھولتا ہے۔اور الہام اور کشوف کے ذریعہ سے اور دوسرے آسمانی نشانوں کے وسیلہ سے یقین کامل تک اُس کو پہنچاتا ہے۔''

(ایام الصلح روحانی خزائن جلد 14 صفحہ 261)

......انسان کو اپنے ایمان کو مضبوط کرنا چاہئے۔ اس بارے میں حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:۔

اپنے ایمانوں کو خوب مضبوط کرو اور اپنی راہیں درست کرو۔اپنے دلوں کو پاک کرو اور اپنے مولیٰ کو راضی کرو۔''

(اربعین روحانی خزائن جلد 17 صفحہ 442)

......انسانی زندگی کا بڑا مقصد پاکبازی ہے۔یہ کیسے حاصل ہوسکتی ہے، حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:۔

''یقیناً یاد رکھو کہ گناہوں سے بچنے کی توفیق اسی وقت مل سکتی ہے جب انسان پورے طور پر اللہ تعالیٰ پر ایمان لاوے۔یہی بڑا مقصد انسانی زندگی کا ہے کہ گناہ کے پنجہ سے نجات پالے۔''

(روحانی خزائن جلد 20 صفحہ 287)

...... ایمان لانے والے لوگ خدا تعالیٰ کے پسندیدہ لوگ ہیں۔حضور فرماتے ہیں:۔

''خدا نے مجھے مخاطب کرکے فرمایا کہ مَیں اپنی جماعت کو اطلاع دوں کہ جو لوگ ایمان لائے ایسا ایمان جو اس کے ساتھ دُنیا کی ملونی نہیں اور وہ ایمان نفاق یا بزدلی سے آلودہ نہیں اور وہ ایمان اطاعت کے کسی درجہ سے محروم نہیں ایسے لوگ خدا کے پسندیدہ لوگ ہیں اور خدا فرماتا ہے کہ وہی ہیں جن کا قدم صدق کا قدم ہے۔''

(روحانی خزائن جلد 20 صفحہ 309)

ایمان کا ایک اعلیٰ نمونہ

...... ایمان کے ایک اعلیٰ نمونے کا ذکر کرتے ہوئے حضور فرماتے ہیں:۔

''صاحبزادہ عبداللطیف شہید کی شہادت کا واقعہ تمہارے لئے اسوہ حسنہ ہے۔تذکرۃ الشہادتین کو بار بار پڑھو اور دیکھو کہ اُس نے اپنے ایمان کا کیسا نمونہ دکھایا ہے۔اس نے دنیا اور اس کے تعلقات کی کچھ بھی پرواہ نہیں کی۔ بیوی یا بچوں کا غم اس کے ایمان پر کوئی اثر نہیں ڈال سکا۔ دنیوی عزّت اور منصب اور تنعّم نے اس کو بزدل نہیں بنایا۔اس نے جان دینی گوارا کی مگر ایمان کو ضائع نہیں کیا۔عبداللطیف کہنے کو مارا گیا یا مرگیا مگر یقیناً سمجھو کہ وہ زندہ ہے اور کبھی نہیں مرے گا......میں بار بار کہتا ہوں کہ اس پاک نمونہ پر غور کرو کیونکہ اس کی شہادت یہی نہیں کہ اعلیٰ ایمان کا ایک نمونہ پیش کرتی ہے بلکہ یہ خدا تعالیٰ کا عظیم الشان نشان ہے۔''

(ملفوظات جلد 3 صفحہ 511-512)

......''وہ ایک اُسوۂ حسنہ چھوڑ گئے ہیں ...... حالانکہ اُن کی زندگی ایک تنعّم کی زندگی تھی۔مال، دولت، جاہ وثروت سب کچھ موجود تھا اور اگر وہ امیر کا کہنا مان لیتے تو ان کی عزّت اَور بڑھ جاتی مگر انہوں نے ان سب پر لات مار کر اور دیدہ دانستہ بال بچوں کو کچل کر موت کو قبول کیا۔انہوں نے بڑا تعجب انگیز نمونہ دکھلایا ہے اور اس قسم کے ایمان کو حاصل کرنے کی کوشش ہر ایک کو کرنی چاہئے۔**جماعت کو چاہئے کہ اس کتاب (تذکرۃ الشہادتین) کو بار بار پڑھیں اور فکر کریں اور دُعا کریں کہ ایسا ہی ایمان حاصل ہو۔''**

(تذکرۃ الشہادتین ملفوظات جلد 3 صفحہ 496-497)

اُس (صاحبزادہ عبداللطیف ۔ناقل) کی ایمانی قوت اِس قدر بڑھی ہوئی تھی کہ اگر میں اُس کو ایک بڑے سے بڑے پہاڑ سے تشبیہ دوں تو مَیں ڈرتا ہوں کہ میری تشبیہ ناقص نہ ہو۔

(روحانی خزائن جلد 20 صفحہ 10)

ایمان کا تعلق اعمال سے ہے

...... انسان کے اعمال کا تعلق ایمان سے ہے۔جس قدر وہ ایمان میں بڑھے گا اُسی قدر اعمال کی درستگی ہوگی۔حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:۔

''یقیناً سمجھو کہ ہر ایک پاکبازی اور نیکی کی اصلی جڑ خدا تعالیٰ پر ایمان لانا ہے۔جس قدر انسان کا ایمان باللہ کمزور ہوتا ہے اُسی قدر اعمالِ صالحہ میں کمزوری اور سستی پائی جاتی ہے۔لیکن جب ایمان قوی ہو اور اللہ تعالیٰ کو اُس کی تمام صفات کاملہ کے ساتھ یقین کر لیا جائے اُسی قدر عجیب رنگ کی تبدیلی انسان کے اعمال میں پیدا ہو جاتی ہے۔خدا تعالیٰ پر ایمان رکھنے والا گناہ پر قادر نہیں ہوسکتا۔''

(ملفوظات جلد سوم صفحہ 504 جدید ایڈیشن)

...... پھر خدا تعالیٰ کے وجود پر ایمان اور اُس کی عظمت کو دلوں میں بٹھانے کے لئے ارشاد فرمایا:۔

''خدا کی عظمت اور ہیبت کا وہ یقین چاہئے جو غفلت کے پردوں کو پاش پاش کردے اور بدن پر ایک لرزہ ڈال دے اور موت کو قریب کرکے دکھلا دے اور ایسا خوف دل پر غالب کرے جس سے تمام تاروپَود نفسِ امارہ کے ٹوٹ جائیں اور انسان ایک غیبی ہاتھ سے خدا کی طرف کھینچا جائے اور اُس کا دل اس یقین سے بھر جائے کہ درحقیقت خدا موجود ہے جو بے باک مجرم کو بے سزا نہیں چھوڑتا۔''

(چشمہ معرفت روحانی خزائن جلد 23 صفحہ 307)

یقین جیسی کوئی چیز نہیں

یقین کے بارے میں فرمایا کہ اِس جیسی کوئی چیز نہیں۔آپ فرماتے ہیں:۔

''اے خدا کے طالب بندو! کان کھولو اور سُنو کہ یقین جیسی کوئی چیز نہیں ۔یقین ہی ہے جو گناہ سے چھڑاتا ہے۔یقین ہی ہے جو نیکی کرنے کی قوت دیتا ہے۔یقین ہی ہے جو خدا کا عاشق صادق بناتا ہے۔کیا تم گناہ کو بغیر یقین کے چھوڑ سکتے ہو؟ کیا تم جذباتِ نفس سے بغیر یقینی تجلّی کے رُک سکتے ہو؟ کیا تم بغیر یقین کے کوئی تسلی پا سکتے ہو؟ کیا تم بغیر یقین کے کوئی سچی تبدیلی پیدا کر سکتے ہو؟ کیا تم بغیر یقین کے کوئی سچی خوشحالی حاصل کر سکتے ہو؟..........مبارک وہ جو یقین رکھتے ہیں کیونکہ وہی خدا کو دیکھیں گے۔مبارک وہ جو شبہات اور شکوک سے نجات پا گئے ہیں کیونکہ وہی گناہ سے نجات پائیں گے۔مبارک تم جبکہ تمہیں یقین کی دولت دی جائے کہ اس کے بعد تمہارے گناہ کا خاتمہ ہوگا۔گناہ اور یقین دونوں جمع نہیں ہوسکتے۔کیا تم ایسے سوراخ میں ہاتھ ڈال سکتے ہو جس میں تم ایک سخت زہریلے سانپ کو دیکھ رہے ہو؟ کیا تم ایسی جگہ کھڑے رہ سکتے ہو جس جگہ کسی کوہِ آتش فشاں سے پتھر برستے ہیں یا بجلی پڑتی ہے یا ایک خونخوار شیر کے حملہ کرنے کی جگہ ہے یا ایک ایسی جگہ ہے جہاں ایک مہلک طاعون نسلِ انسانی کو معدوم کر رہی ہے؟ پھر اگر تمہیں خدا پر ایسا ہی یقین ہے جیسا کہ سانپ پر، یا بجلی پر، یا شیر پر، یا طاعون پر تو ممکن نہیں کہ اس کے مقابل پر تم نافرمانی کرکے سزا کی راہ اختیار کر سکو یا صدق ووفا کا اُس سے

تعلق توڑسکو۔

اَے وے لوگو! جو نیکی اور راستبازی کے لئے بُلائے گئے ہو تم یقیناً سمجھو کہ خدا کی کشش اُس وقت تم میں پیدا ہوگی اور اُسی وقت تم گناہ کے مکروہ داغ سے پاک کئے جاؤ گے جبکہ تمہارے دل یقین سے بھر جائیں گے۔ یقین کی دیواریں آسمان تک ہیں شیطان اُن پر چڑھ نہیں سکتا۔ ہر ایک جو پاک ہوا وہ یقین سے پاک ہوا۔ یقین دُکھ اُٹھانے کی قوت دیتا ہے۔ یہاں تک کہ ایک بادشاہ کو تخت سے اُتارتا ہے اور فقیری جامہ پہناتا ہے۔ یقین ہر ایک دُکھ کو سہل کر دیتا ہے۔ یقین خدا کو دکھاتا ہے۔ اور ہر ایک کفّارہ جُھوٹا ہے اور ہر ایک فدیہ باطل ہے اور ہر ایک پاکیزگی یقین کی راہ سے آتی ہے۔ وہ چیز جو گناہ سے چُھڑاتی اور خدا تک پہنچاتی اور فرشتوں سے بھی صدق اور ثبات میں آگے بڑھا دیتی ہے وہ یقین ہے............ جس طرح انسان نفسانی لذّات کا سامان دیکھ کر اُن کی طرف کھینچا جاتا ہے اسی طرح انسان جب روحانی لذّات یقین کے ذریعہ سے حاصل کرتا ہے تو وہ خدا کی طرف کھینچا جاتا ہے اور اس کا حُسن اس کو ایسا مست کر دیتا ہے کہ دوسری تمام چیزیں اس کو سراسر ردّی دکھائی دیتی ہیں اور انسان اُسی وقت گناہ سے مخلصی پاتا ہے جب کہ وہ خدا اور اس کے جبروت اور جزا سزا پر یقینی طور پر اطلاع پاتا ہے۔''

(کشتی نوح روحانی خزائن جلد 19 صفحہ 66-68)

...... ہمارا ایمان شک وشبہ سے بالا ہونا چاہئے۔ خداتعالیٰ کی ذات پر کامل اور پختہ یقین ہونا چاہئے۔ جو کہ پاک زندگی کے حصول کیلئے ضروری ہے۔ اس سلسلہ میں نصیحت کرتے ہوئے حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:۔

''پس دُنیا میں **سچا مذہب وہی ہے جو بذریعہ زندہ نشانوں کے یقین کی راہ دکھلاتا ہے** باقی لوگ اِسی زندگی میں دوزخ میں گرے ہوئے ہیں بھلا بتلاؤ کہ ظن بھی کچھ چیز ہے جس کے دوسرے لفظوں میں یہ معنے ہیں کہ شاید یہ بات صحیح ہے یا غلط۔ یاد رکھو کہ گناہ سے پاک ہونا بجز یقین کے کبھی ممکن نہیں۔ فرشتوں کی سی زندگی بجز یقین کے کبھی ممکن نہیں۔ دُنیا کی بے جا عیاشیوں کو ترک کرنا بجز یقین کے کبھی ممکن نہیں۔ ایک پاک تبدیلی اپنے اندر پیدا کر لینا اور خدا کی طرف ایک خارقِ عادت کشش سے کھینچے جانا بجز یقین کے کبھی ممکن نہیں۔ زمین کو چھوڑنا اور آسمان پر چڑھ جانا بجز یقین کے کبھی ممکن نہیں۔ خدا سے پُورے طور پر ڈرنا بجز یقین کے کبھی ممکن نہیں۔ تقویٰ کی باریک راہوں پر قدم مارنا اور اپنے عمل کو ریاکاری کی ملونی سے پاک کر دینا بجز یقین کے کبھی ممکن نہیں۔ ایسا ہی دُنیا کی دولت اور حشمت اور اُس کی کیمیا پر لعنت بھیجنا اور بادشاہوں کے قرب سے بے پروا ہو جانا اور صرف خدا کو اپنا ایک خزانہ سمجھنا بجز یقین کے ہرگز ممکن نہیں۔''

(نزول المسیح۔ روحانی خزائن جلد 18 صفحہ 469-470)

یقین کی برکات اور معرفت الٰہی

حضرت مسیح موعود یقین کی برکات اور معرفتِ الٰہی کے بارے میں مزید فرماتے ہیں:۔

''یقین اپنے نوروں کے سمیت آتا ہے۔ کوئی آسمان تک نہیں پہنچا سکتا ہے مگر وہی جو آسمان سے آتا ہے۔ اگر تم جانتے کہ خدا کا تازہ بتازہ اور یقینی اور قطعی کلام تمہاری بیماریوں کا علاج ہے تو تم اُس سے انکار نہ کرتے جو عین صدی کے سر پر تمہارے لئے آیا۔ اے غافلو یقین کے بغیر کوئی عمل آسمان پر جا نہیں سکتا اور اندرونی کدورتیں اور دل کی مہلک بیماریاں بغیر یقین کے دُور نہیں ہوسکتیں۔...... یقین اُس یقینی کلام کے بعد جو آسمان سے نازل ہوتا ہے۔ خدا، خدا کے ذریعہ سے ہی پہچانا جاتا ہے نہ کسی اور ذریعہ سے۔ تم میں سے کون ہے جو اپنے ہمکلام کو شناخت نہیں کرسکتا۔ پس اسی طرح مکالمات کی حالت میں معرفت میں ترقی ہوتی جاتی ہے۔''

(نزول المسیح۔ روحانی خزائن جلد 18 صفحہ 472)

اس شخص کا دامن پکڑو جس نے یقین کی آنکھ سے خدا کو دیکھ لیا ہے

یقین قرب الٰہی کے حصول اور گناہوں سے رہائی کا ذریعہ ہے۔ اس سلسلہ میں خداتعالیٰ کے فرستادہ کے ساتھ تعلق جوڑنے اور اُس کا دامن پکڑنے کی اہمیت کو بیان کرتے ہوئے حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:۔

''اگر کسی دل میں خدا کی ہستی اور اس کی ہیبت اور عظمت اور جبروت کا یقین ہے تو وہ یقین ضرور اُسے گناہ سے بچالے گا۔ اور اگر وہ نہیں بچ سکا تو اسے یقین نہیں۔ کیا خدا پر یقین لانا اُس یقین سے کمتر ہے کہ جو شیر اور سانپ اور زہر کے وجود کا یقین ہوتا ہے۔ سو وہ گناہ جو خدا سے دُور ڈالتا ہے اور جہنمی زندگی پیدا کرتا ہے اُس کا اصل سبب عدم یقین ہے۔ کاش! میں کس دَف کے ساتھ اِس کی منادی کروں کہ گناہ سے چھوڑانا یقین کا کام ہے۔ جھوٹی فقیری اور مشیخت سے توبہ کرانا یقین کا کام ہے۔ خدا کو دِکھلانا یقین کا کام ہے۔ وہ مذہب کچھ بھی نہیں اور گندہ ہے اور مُردار ہے اور ناپاک ہے اور جہنمی ہے اور خود جہنم ہے جو یقین کے چشمہ تک نہیں پہنچا سکتا۔ زندگی کا چشمہ یقین سے ہی نکلتا ہے اور وہ پَر جو آسمان کی طرف اُڑاتے ہیں وہ یقین ہی ہے۔ کوشش کرو کہ اُس خدا کو تم دیکھ لو جس کی طرف تم نے جانا ہے۔ اور وہ مَرکَب یقین ہے جو تمہیں خدا تک پہنچائے گا............ اے پاکیزگی کے ڈھونڈنے والو! اگر تم چاہتے ہو کہ پاک دل بن کر زمین پر چلو اور فرشتے تم سے مصافحہ کریں تو تم یقین کی راہوں کو ڈھونڈو۔ اور اگر تمہیں اس منزل تک ابھی رسائی نہیں تو **اُس شخص کا دامن پکڑو جس نے یقین کی آنکھ سے اپنے خدا کو دیکھ لیا ہے۔**''

(روحانی خزائن جلد 18 صفحہ 474-475)

یقین محکم کے بارے میں آپ کا بیان ایسا اعلیٰ درجہ کا ہے جیسے قیمتی موتیوں کی ایک خوبصورت مالا ہے۔ جس کے پڑھنے اور سُننے سے ایک عجیب روحانی لذت ملتی ہے اور انسان کو اپنی زندگی میں عملی انقلاب لانے کی تحریک پیدا ہوتی ہے۔ حضرت مسیح موعود کی کس قدر تمنا تھی اور تڑپ تھی کہ افرادِ جماعت کے اندر صفتِ یقین پیدا ہو جائے۔ اس کا اندازہ اس شعر سے بھی ہوتا ہے فرمایا:۔

چہ خُوش بُودے اگر ہر یک زِ اُمت نورِ دیں بودے
ہمیں بودے اگر ہر دل پُر از نورِ یقیں بودے

کامل معرفت کے حصول کا طریق

پھر کامل معرفت کی اہمیت اور اُس کے حصول کی طرف راہنمائی کرتے ہوئے حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:۔

''جو لوگ سچے دل سے خدا کے طالب ہیں وہ خوب جانتے ہیں کہ خدا کی معرفت خدا کے ذریعہ سے ہی میسر آسکتی ہے اور خدا کو خدا کے ساتھ ہی شناخت کرسکتے ہیں اور خدا اپنی حجت آپ ہی پوری کرسکتا ہے۔ انسان کے اختیار میں نہیں اور انسان کبھی کسی حیلہ سے گناہ سے بیزار ہو کر اُس کا قرب حاصل نہیں کرسکتا جب تک کہ معرفت کاملہ حاصل نہ ہو۔ اور اِس جگہ کوئی کفارہ مفید نہیں اور کوئی طریق ایسا نہیں جو گناہ سے پاک کرسکے بجز اُس کامل معرفت کے جو کامل محبت اور کامل خوف کو پیدا کرتی ہے۔ اور کامل محبت اور کامل خوف یہی دونوں چیزیں ہیں جو گناہ سے روکتی ہیں۔ کیونکہ محبت اور خوف کی آگ جب بھڑکتی ہے تو گناہ کے خس وخاشاک کو جلا کر بھسم کر دیتی ہے۔ اور یہ پاک آگ اور گناہ کی گندی آگ دونوں جمع ہو ہی نہیں سکتیں۔ غرض انسان نہ بدی سے رُک سکتا ہے اور نہ محبت میں ترقی کرسکتا ہے جب تک کہ کامل معرفت اُس کو نصیب نہ ہو اور کامل معرفت نہیں ملتی جب تک کہ انسان کو خداتعالیٰ کی طرف سے زندہ برکات اور معجزات نہ دیئے جائیں۔''

(براہین احمدیہ حصہ پنجم روحانی خزائن جلد 21 صفحہ 7)

آپ مزید فرماتے ہیں:۔

''سعادت اِسی میں ہے کہ خداتعالیٰ کی ہستی پر ایمان لایا جاوے اور اُسی کو حاضر و ناظر یقین کیا جاوے اور اس کی عین موجودگی کا تصوّر دل میں رکھ کر ہر ایک بدی اور ناراستی سے پرہیز کیا جاوے یہی بڑی دانش وحکمت ہے اور یہی معرفت الٰہی کا سیراب کرنے والا شیریں سوتہ ہے۔''

(ملفوظات جلد 3 صفحہ 313۔ جدید ایڈیشن)

کمال معرفت

معرفت کی حقیقت، معرفت کسے کہتے ہیں۔ معرفت الٰہی کے نتیجہ میں انسان میں کیا تبدیلی پیدا ہوتی ہے۔ اس بارے میں حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:۔

''انسان کا کمال معرفت اسی میں ہے کہ انسان اپنے ربّ جلیل کے آگے ہر ایک وقت اپنے تئیں قصوروار ٹھیراوے۔ یہ نبیوں کی سُنّت ہے۔ وہ شیطان ہے جو خداتعالیٰ کے آگے انکسار اختیار نہ کرے۔ نبی جو روتے چلاتے نعرے مارتے رہے یہ سوز وگداز اسی وجہ سے تھا کہ وہ سمجھتے تھے کہ ہم نے گناہ کیا کہ جیسا کہ حق (۔) کا تھا ہم سے ادا نہ ہوسکا۔ اپنے آقا اور مولا کے سامنے تمام سعادت اسی میں ہے کہ اس قصور کا اقرار کریں۔ چنانچہ ہمارے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کی تمام استغفار اسی بنا پر ہے کہ آپ بہت ہی ڈرتے تھے کہ جو خدمت مجھے سپرد کی گئی ہے یعنی تبلیغ کی خدمت اور خدا کی راہ میں جانفشانی کی خدمت اس کو جیسا کہ اِس کا حق تھا میں ادا نہیں کرسکا۔ اور اس خدمت کو آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے برابر کسی نے ادا نہیں کیا۔ مگر خوف عظمت اور ہیبت الٰہی آپ کے دل میں حد سے زیادہ تھا اسی لئے دوام استغفار آپ کا شغل تھا۔ توریت میں بھی ہے'' تب موسیٰ نے جلدی سے زمین پر سر جھکایا اور بولا کہ اے خداوند...... ہمارے گناہ اور خطائیں معاف کر (خروج 9-34)۔''

(ضمیمہ براہین احمدیہ حصہ پنجم روحانی خزائن جلد 21 صفحہ 269۔ حاشیہ)

مزید فرماتے ہیں:۔

''مذہب سے غرض یہ ہے کہ انسان اپنے نفس کو ہر ایک بدی سے پاک کر کے اس لائق بنا دے کہ اس کی رُوح ہر وقت خدا تعالےٰ کے آستانہ پر گری رہے اور یقین اور محبت اور معرفت اور صدق اور وفا سے بھر جائے۔ اور اس میں ایک خالص تبدیلی پیدا ہو جائے تا اسی دُنیا میں بہشتی زندگی اس کو حاصل ہو۔''

(لیکچر سیالکوٹ روحانی خزائن جلد 20 صفحہ 233-234)

اللہ تعالیٰ کی ذات پر ایمان اور پختہ یقین کا مضمون اس قدر اہم ہے کہ حضرت مسیح موعود نے اسے مختلف پیرایوں میں بیان فرمایا ہے تاکہ اس کی اہمیت ہمارے دلوں میں بیٹھ جائے۔ کچھ ارشادات کو مَیں پیش کرسکا ہوں۔ اللہ تعالیٰ سے دُعا ہے کہ وہ ہمیں حضرت مسیح موعود کے ارشادات پر عمل کرنے کی توفیق دے اور ہمارے اندر ایک پاک تبدیلی پیدا کر دے اور ہمیں ایمان، یقین اور معرفتِ الٰہی کی دولت سے مالا مال کر دے۔ (آمین)

تقلید کی مجبوری

حضرت شاہ ولی اللہ صاحب نوراللہ مرقدہ اپنی متعدد تصانیف میں مختلف عبارات کے ساتھ تحریر فرماتے ہیں کہ چند چیزیں ایسی ہیں جن پر مجھے مجبور کیا۔ گیا ہے۔ منجملہ ان کے یہ ہے کہ میرا جی چاہتا تھا کہ کسی کی تقلید نہ کروں لیکن مجھے اس پر مجبور کیا گیا۔ کہ تقلید تو کرنی ہی پڑے گی چاہے کسی کی کرو۔

(تقریر بخاری شریف اردو جلد اول ص 88 از محمد زکریا۔ دارالاشاعت کراچی طبع اول جون 88ء)

الفریڈ نوبیل اور نوبیل پرائز کا طریق کار

الفریڈ برن ہارڈ نوبیل سویڈن کے شہر سٹاک ہوم میں 21/اکتوبر 1833ء کو عمانویل نوبیل کے گھر پیدا ہوئے۔ وہ اپنے بہن بھائیوں میں تیسرے نمبر پر تھے۔ ان کے والد ایک ذہین شخص تھے جنہوں نے جدید پلائی وڈ کی شیٹ بنانے کا طریقہ ایجاد کیا تھا۔ نوبیل نے اپنے والد کی سربراہی میں ابتدائی طور پر محفوظ دھماکہ خیز مواد کی تیاری کے لئے کام کیا اور اس کے بعد انہوں نے اپنے دونوں بھائیوں کے ساتھ نائٹروگلیسرین اور دیگر محلولوں پر تجربات کرکے 1867ء میں ڈائنا مائٹ کے نام سے اپنی ایجاد پیٹنٹ کروائی۔ بہت کم لوگوں کو علم ہوگا کہ نوبیل کے نام پر ڈائنا مائٹ کے علاوہ لگ بھگ مزید 350 ایجادات پیٹنٹ ہیں، جن میں ریشے دار ربڑ، ریشے دار چمڑا مصنوعی ریشم جیسی معرکۃ الآراء ایجادات بھی شامل ہیں۔ علاوہ ازیں نوبیل سائنس کی دنیا کے کھوجی ہونے کے ساتھ جہان ادب کے مسافر بھی تھے۔ انہوں نے کئی ناول لکھے اور معیاری شاعری بھی کی۔ ان کا لکھا ہوا چار ایکٹ پر مشتمل ڈرامامہ ''مکافات عمل'' کے نام سے 2003ء میں ہسپانوی زبان میں دوبارہ شائع ہوا ہے۔

انتخاب کا طریقہ کار

الفریڈ نوبیل کی آخری وصیت، جس پر انہوں نے سویڈش ناروجین کلب پیرس میں 27 نومبر 1885ء میں اپنے انتقال سے تقریباً ایک سال قبل دستخط کئے تھے، کے مطابق طبیعات اور کیمیا کے شعبے کے نوبیل پرائز کا انتخاب رائل سویڈش اکیڈمی آف سائنسز کرے گی جبکہ حتمی نتائج کے لئے نامزدگیوں پر غوروخوض کرنے کے لئے آراء ستمبر سے فروری کے درمیان جمع ہو جانی چاہئیں اور اس سلسلے میں مشاورت کے لئے نوبیل کمیٹی برائے کیمیا اور طبیعات، دونوں شعبوں کے سابقہ نوبیل انعام یافتہ حضرات، دونوں شعبوں سے متعلق سویڈن، ڈنمارک، فن لینڈ، آئس لینڈ اور ناروے کے پروفیسر اور اسسٹنٹ پروفیسر، ان کے علاوہ رائل سویڈش اکیڈمی آف سائنسز کی طرف سے دنیا بھر سے منتخب کردہ کم ازکم چھ یونیورسٹیوں یا کالجوں کی بذریعہ خط وکتابت آراء اور متعلقہ شعبوں کے ایسے اہل اور قابل افراد جنہیں رائل سویڈش اکیڈمی آف سائنسز اپنی مدد کے لئے منتخب کرے شامل رائے دہندگان میں شامل ہوں گے۔

طب کے نوبیل پرائز کا فیصلہ کارولنسکا (Karolinska) انسٹیٹیوٹ، سٹاک ہوم کی نوبیل کمیٹی کرے گی جبکہ حتمی نتائج کے لئے نامزدگیوں پر غوروخوض کرنے کے لئے آراء ستمبر سے فروری کے درمیان جمع ہو جانی چاہئیں اور اس سلسلے میں مشاورت کے لئے نوبیل کمیٹی برائے طب اور طب کے شعبے کے سابق نوبیل انعام یافتہ حضرات مذکورہ شعبے کے سویڈن، ڈنمارک، فن لینڈ، آئس لینڈ اور ناروے کے پروفیسر اور اسسٹنٹ پروفیسروں کے علاوہ نوبیل اسمبلی کی طرف سے دنیا بھر سے منتخب کردہ کم ازکم چھ یونیورسٹیوں یا کالجوں کی بذریعہ خط وکتابت آراء اور متعلقہ شعبوں کے ایسے اہل اور قابل افراد جنہیں رائل سویڈش اکیڈمی آف سائنسز اپنی مدد کے لئے منتخب کرے شامل رائے دہندگان میں شامل ہوں گے۔

طب کے نوبیل پرائز کا فیصلہ کارولنسکا (Karolinska) انسٹی ٹیوٹ، سٹاک ہوم کی نوبیل کمیٹی کرے گی جب کہ حتمی نتائج کے لئے نامزدگیوں پر غوروخوض کرنے کے لئے آراء ستمبر سے فروری کے درمیان جمع ہو جانی چاہئیں اور اس سلسلے میں مشاورت کے لئے نوبیل کمیٹی برائے طب اور طب کے شعبے کے سابق نوبیل انعام یافتہ حضرات، مذکورہ شعبے کے سویڈن، ڈنمارک، فن لینڈ، آئس لینڈ اور ناروے کے پروفیسر اور اسسٹنٹ پروفیسروں کے علاوہ نوبیل اسمبلی کی طرف سے دنیا بھر سے منتخب کردہ کم ازکم چھ یونیورسٹیوں یا کالجوں کی بذریعہ خط وکتابت آراء اور متعلقہ شعبوں کے ایسے اہل اور قابل افراد جنہیں نوبیل اسمبلی اپنی مدد کے لئے منتخب کرے شامل ہوں گے۔

الفریڈ نوبیل کی وصیت کے مطابق امن کے نوبیل پرائز کا فیصلہ ناروجین پارلیمنٹ کے پانچ منتخب ممبر پر مشتمل ناروجین کمیٹی کرے گی جبکہ حتمی نتائج کے لئے نامزدگیوں پر غوروخوض کرنے کے لئے آراء ستمبر سے فروری کے درمیان جمع ہوں گی اور اس سلسلے میں مشاورت کے لئے حکومتیں، قومی اسمبلی کے اراکین، بین الاقوامی عدالتی ادارے، یونیورسٹیوں کے سربراہ، سماجی علوم، تاریخ، فلسفہ اور قانون کے پروفیسر، امن کے حوالے سے تحقیقی اداروں کے سربراہان، خارجہ امور کے ماہرین، امن کے شعبے کے سابق نوبیل انعام یافتہ، متعلقہ اداروں کے بورڈ کے ممبران، ناروجین نوبیل کمیٹی کے سابق اور موجودہ اراکین کی آراء اور وہ مشیر جنہیں ناروجین نوبیل انسٹیٹیوٹ اپنی مدد کے لئے منتخب کرے شامل ہوں گے۔

اسی وصیت میں ادب کے نوبیل پرائز کے حوالے سے لکھا ہے کہ انعام کا فیصلہ سویڈش اکیڈمی، سٹاک ہوم کرے گی جبکہ حتمی نتائج کے لئے نامزدگیوں پر غوروخوض کے لئے آراء ستمبر سے فروری کے درمیان جمع ہو جائیں گی اور اس سلسلے میں مشاورت کے لئے سویڈش اکیڈمی کے اراکین، تعلیمی ادارے، ادبی تنظیمیں، ادب اور زبان کی مستند یونیورسٹیوں کے پروفیسر، ادب کے شعبے کے سابق نوبیل انعام یافتہ اور ادب دوست تنظیموں کے سربراہان اور ان کے نمائندے جو اپنے اپنے ممالک کی ادبی سرگرمیوں میں مصروف ہیں، شامل ہوں گے۔

1968ء میں دنیا کے سب سے قدیم مرکزی بینک ''دی بینک آف سویڈن'' نے اپنی 300 سالہ تقریبات کے موقع پر الفریڈ نوبیل کی یاد میں معیشت کے شعبے میں نوبیل پرائز دینے کا اعلان کیا تھا۔ اس ضمن میں بھی خوش نصیب انعام کنندہ کا انتخاب رائل سویڈش اکیڈمی آف سائنسز کرتی ہے۔ بنیادی طور پر یہ انعام الفریڈ نوبیل کی وصیت کے تحت نہیں ہے اور اس کی انعامی رقم کا تعلق بھی نوبیل فاؤنڈیشن سے نہیں ہے، لیکن یہ انعام چونکہ نوبیل پرائز کی تقریب انعامات کے موقع پر دیا جاتا ہے لہٰذا اسے بھی نوبیل پرائز کے دیگر پانچ شعبوں کے ساتھ شامل کرلیا گیا ہے۔ اس کے حتمی نتائج کے لئے بھی طریقہ کار کیمیا اور طبیعات کے نوبیل پرائز کے انتخاب جیسا ہی ہے صرف ماہرین کا تعلق معیشت کے شعبے سے ہوتا ہے۔

انعامی تقاریب کے مقامات

الفریڈ نوبیل کی وصیت کی روشنی میں انعامات کی تقریبات دو مقامات پر ہوتی ہیں جن میں سٹاک ہوم کے کنسرٹ ہال میں سویڈن کے بادشاہ کیمیا، طبیعات، ادب، طب اور معیشت کے شعبوں میں خوش نصیب افراد کو نوبیل پرائز عطا کرتے ہیں اور دوسری تقریب جو ناروے میں اوسلو کے مقام پر منعقد ہوتی ہے اس میں ناروجین نوبیل کمیٹی کے چیئرمین ناروے کے بادشاہ کی موجودگی میں امن کا نوبیل پرائز عطا کرتے ہیں۔ واضح رہے کہ انعامات عطا کرنے کی یہ دونوں تقریبات ہر سال 10 دسمبر کو الفریڈ نوبیل کی وفات کے دن ان کی یاد میں منعقد کی جاتی ہیں۔

انعامات

1۔رقم:

نوبیل پرائز انعامی رقم، ڈپلومہ اور ایک عدد تمغے پر مشتمل ہوتا ہے۔ انعامی رقم ہر سال سویڈش کرونا میں عطا کی جاتی ہے۔ جس کی مالیت مختلف ہوتی ہے۔ موجودہ سال یہ رقم ایک کروڑ سویڈش کرونا ہے جو تقریباً 9 کروڑ 40 لاکھ پاکستانی روپوں کے مساوی ہے۔ اگر کسی کیٹیگری میں دو افراد انعام یافتہ ہوں تو انعامی رقم مساوی تقسیم کی جاتی ہے اور اگر تین افراد انعام کے لئے منتخب ہوں تو انعامی رقم تین برابر حصوں میں یا دو کو ایک ایک چوتھائی اور ایک کو آدھی رقم دی جاتی ہے۔ جس کا فیصلہ انعام یافتگان کے کام کی نوعیت پر منحصر ہوتا ہے۔ انعام کی مد میں سب سے زیادہ رقم پچھلے سات سالوں سے دی جارہی ہے جو دس ملین سویڈش کرونا ہے اور سب سے مختصراً انعامی رقم 1923ء میں دی گئی تھی جس کی مالیت ایک لاکھ چودہ ہزار سویڈش کرونا تھی۔

2۔ڈپلومہ یا سند:

الفریڈ نوبیل کی وصیت کے مطابق نوبیل پرائز کے لوازمات میں انعامی رقم کے علاوہ ڈپلومہ یا سند اور یادگاری تمغہ بھی شامل ہیں۔ رائل سویڈش اکیڈمی آف سائنسز کیمیا، طبیعات اور 1969ء سے معیشت کے شعبے میں دیئے جانے والے ڈپلومے کو ڈیزائن کرنے کی ذمہ دار ہے جبکہ کارولنسکا انسٹیٹیوٹ کی نوبیل اسمبلی طب کا ڈپلوما اور اسی طرح سویڈش اکیڈمی اور جب ناروجین نوبیل کمیٹی امن کے شعبے کا ڈپلوما ڈیزائن کرتی ہیں۔ ماضی کے برعکس آجکل سویڈش نوبیل ڈپلومہ اعلیٰ قسم کے آرٹ ورک پر مشتمل ہوتا ہے اور کتابی شکل میں دیا جاتا ہے اور اس میں انعام کنندہ کا نام انعامی سال اور تحقیقی کام کے حوالے سے توصیفی کلمات سویڈش زبان میں درج ہوتے ہیں۔ البتہ ناروجین ڈپلومہ، جو ناروجین زبان میں ہوتا ہے اور امن کے شعبے میں دیا جاتا ہے، اس میں انعام دینے کی وجوہات درج نہیں ہوتیں۔ ہر انعامی ڈپلومے پر بکری کی کھال سے بنا ہوا خوبصورت رنگین چمڑے کا کور ہوتا ہے۔ طبیعات کے ڈپلومہ کے کور کا رنگ نیلا، کیمیا اور طب کا لال، معیشت کا بھورا اور ادب کے ڈپلومے کے کور کا رنگ ڈیزائنر کی مرضی سے منتخب کیا جاتا ہے۔ کور کے اندر کی جانب بھورے رنگ کا خوبصورت اور نفیس کپڑا اچڑھا ہوتا ہے۔

3۔میڈل یا تمغہ:

ڈپلومہ اور انعامی رقم کے علاوہ انعام کنندہ کو اس کے تحقیقی کام کے اعتراف میں یادگاری میڈل بھی دیا جاتا ہے کیمیا، طبیعات، اور معیشت کے میڈل رائل سویڈش اکیڈمی آف سائنسز ڈیزائن کرتی ہے، جن میں سے کیمیا اور طبیعات کے میڈل کا ڈیزائن سویڈش مجسمہ ساز ''ارک لینڈ برگ'' نے اور معیشت کے شعبے کا میڈل ''گنورسونسن'' نے بنایا ہے۔ ان میڈلوں کے سامنے کے رخ پر الفریڈ نوبیل کا تصویری عکس، ان کی تاریخ پیدائش اور تاریخ وفات لاطینی زبان میں کندہ ہوتی ہے اور میڈل کی پشت پر انعام کنندہ کی خدمات کے اعتراف میں یہ عبارت درج ہوتی ہے ''ان کے لئے جن کی نئی اختراعات سے زندگی میں آسانیاں پیدا ہوئیں''۔ البتہ معیشت کے میڈل پر کوئی تحریر نہیں ہوتی۔ کیمیا اور طبیعات کے تمغوں کی پشت پر فطرت کی دیوی کا عکس ہے جو ہاتھوں میں پھول لئے بادلوں میں گھری کھڑی ہوئی ہے اور اس کے چہرے پر موجود نقاب کو سائنس کا دیوتا اٹھا رہا ہے۔ طب کا میڈل نوبیل اسمبلی کارولنسکا انسٹیٹیوٹ ڈیزائن کرتا ہے اسے بھی ارک لینڈ برگ نے بنایا ہے اور اس میڈل میں طب کے دیوتا کی شبیہہ ہے جس کی گود میں کھلی کتاب رکھی ہے اور وہ چٹان سے گرتی ہوئی پانی کی بوندوں کو اپنی ہتھیلی میں جمع کرکے بیمار لڑکی کی پیاس بجھا رہا ہے۔ ادب کے شعبے کا میڈل سویڈش اکیڈمی بناتی ہے اور اس کا ڈیزائن بھی ارک لینڈ برگ نے تشکیل دیا ہے۔ اس میڈل پر ایک نوجوان کا عکس بنا ہے جو مقدس درخت کے نیچے بیٹھا ہوا موسیقی کے دیوتا کے الفاظ توجہ سے سن کر لکھ رہا ہے۔ امن کے نوبیل میڈل پر تین افراد ایک دوسرے کے ہاتھ تھامے ہوئے ہیں اور اس پر تحریر ہے ''انسانوں کے بھائی چارے اور

امن کے لئے'' اس میڈل کا ڈیزائن ناروے کے ڈیزائنر ''گسٹوواگلینڈ'' کا بنایا ہوا ہے واضح رہے کہ طب، کیمیا، طبیعات اور ادب کے میڈلوں پر انعام کنندہ کا نام میڈلوں کی پچھلی جانب درمیان میں لکھا ہوتا ہے جبکہ معیشت اور امن کے میڈل پر انعام کنندہ کا نام تمغے کی پچھلی جانب کے کناروں پر لکھا ہوتا ہے۔ نوبیل پرائز میں شامل میڈل کا وزن 175 گرام سے 200 گرام اور اس کا قطر 66 ملی میٹر ہے جبکہ 1980ء تک اسے 23 قیراط سونے سے بنایا جاتا تھا، 1980ء کے بعد سے میڈل 24 قیراط سونے سے بنایا جانے لگا جس پر 18 قیراط کے گرین گولڈ کی تہہ چڑھی ہوتی ہے۔ تمغے کی موٹائی 3 ملی میٹر سے 5 ملی میٹر کے درمیان ہوتی ہے۔

اول انعام

کیمیا کا سب سے پہلا نوبیل انعام حاصل کرنے کا اعزاز ہالینڈ کے جیکب ہنری وان ہوف کو حاصل ہے جنہوں نے 1901ء میں کسی اور کی شراکت کے بغیر یہ اعزاز حاصل کیا۔ جبکہ طبیعات کا سب سے پہلا نوبیل پرائز جرمنی کے ویلہم کونریڈ روتجن، طب کا پہلا نوبیل پرائز جرمنی ہی کے امل ایڈولف وان بی ہیرنگ، ادب کا سب سے پہلا نوبیل انعام فرانس کے سلی پرودہوم، امن کا سب سے پہلا نوبیل پرائز سوئٹزر لینڈ سے تعلق رکھنے والے انٹرنیشنل کمیٹی آف ریڈ کراس جنیوا کے بانی جین ہنری دونت اور فرانس سے تعلق رکھنے والے پہلی فرنچ پیس سوسائٹی کے بانی ''فریڈرک پاسی'' نے مشترکہ طور پر حاصل کیا تھا۔

معیشت کا پہلا نوبیل پرائز 1969ء میں ناروے کے ''ریگنر فریخ'' اور ہالینڈ کے ''جان تنبر جن'' نے مشترکہ طور پر حاصل کیا تھا۔

کسی بھی ادارے کو ملنے والا پہلا نوبیل پرائز امن کے شعبے میں بیلجیئم کے انسٹیٹیوٹ آف انٹرنیشنل لاء کو 1904ء میں بغیر کسی کی شراکت کے ملا تھا۔

نوبیل پرائز اور خواتین

1901ء سے لے کر تا حال ماسوائے معیشت کے شعبے کے 34 نوبیل پرائز میں خواتین شامل رہی ہیں۔ 1976ء کا نوبیل پرائز برائے امن دو خواتین کو مشترکہ طور پر دیا گیا تھا اس لحاظ سے اب تک 35 خواتین نوبیل پرائز حاصل کر چکی ہیں جن میں فرانس کی عظیم سائنسدان میری کیوری کو خواتین میں یہ واحد اعزاز حاصل ہے کہ ان کی بیٹی آئرن جیولیٹ کیوری نے 1935ء میں کیمیا میں اور ان کے شوہر پیری کیوری نے 1903ء میں طبیعات کے شعبے میں انعام حاصل کیا۔ اس کے علاوہ انہوں نے دو مختلف شعبوں یعنی طبیعات کے 1903ء کے انعام کے علاوہ 1911ء میں بغیر کسی کی شراکت کے کیمیا کا نوبیل پرائز حاصل کیا۔ واضح رہے کہ ان کا طبیعات میں 1903ء میں حاصل کیا گیا انعام خواتین کا کسی بھی شعبے میں حاصل کیا جانے والا پہلا نوبیل پرائز بھی تھا، تاہم یہ انعام انہوں نے مشترکہ طور پر دو حضرات کے ساتھ حاصل کیا تھا۔ کسی خاتون کا انفرادی حیثیت میں نوبیل پرائز حاصل کرنے کا منفرد اعزاز آسٹریا کی برتھا وان سورہن کا ہے جنہوں نے یہ اعزاز 1905ء میں امن کے شعبے میں بحیثیت اعزازی صدر برائے انٹرنیشنل پیس بیورو، سوئٹزر لینڈ، حاصل کیا تھا۔

ادب کے شعبے میں خواتین کی طرف سے سب سے پہلا انعام 1909ء سویڈن کی سلما اوٹالیا لویزا نے حاصل کیا تھا۔ کیمیا کے شعبے میں خواتین کی طرف سے پہلا نوبیل انعام انفرادی حیثیت ہی میں حاصل کیا گیا ہے جو میری کیوری نے 1911ء میں حاصل کیا تھا۔ البتہ طبیعات کی طرح طب کے شعبے میں بھی خواتین کی طرف سے حاصل کیا گیا پہلا نوبیل پرائز مشترکہ تھا جسے 1947ء میں امریکہ کی گریٹی ٹریسا کوری نے دو حضرات کے ساتھ حاصل کیا جن میں سے ایک کارل فرنیڈنڈ کوری ان کے شوہر تھے۔ انفرادی حیثیت میں طب کے شعبے میں کسی خاتون کا سب سے پہلا نوبیل پرائز امریکہ کی باربرا میکلنک ٹاک نے 1983ء میں حاصل کیا تھا۔

نوبیل پرائز کی تاریخ میں ابھی تک صرف تین خواتین کا تعلق براعظم ایشیا سے ہے جن میں سے ایک عظیم انسان دوست شخصیت مدر ٹریسا کی پیدائش مقدونیا کی تھی جو بعد میں انڈیا منتقل ہو گئی تھیں۔ انہوں نے 1979ء میں انعام حاصل کیا تھا، ان کے علاوہ برما کی انقلابی راہنما آنگ سان سوچی نے 1991ء میں اور ایران کی خاتون وکیل شیریں عبادی نے 2003ء میں نوبیل پرائز حاصل کیا۔ تینوں نوبیل پرائز امن کے شعبے میں اور انفرادی حیثیت میں حاصل کئے گئے ہیں ایران کی شیریں عبادی اب تک کی واحد مسلمان خاتون ہیں جنہیں یہ اعزاز عطا کیا گیا ہے۔ 1976ء کا امن نوبیل انعام اس لحاظ سے انفرادیت رکھتا ہے کہ اسے حاصل کرنے والی دونوں معزز شخصیات خواتین ہیں جن کا تعلق برطانیہ سے ہے، بیٹی ولیم اور مائیرڈ کوریگن کا یہ کارنامہ 2005ء تک نوبیل انعام کی تاریخ میں کسی بھی شعبے میں دو خواتین کے بیک وقت انعام حاصل کرنے کی واحد مثال ہے۔

وہ سال جب انعام نہیں دیئے گئے

نوبیل انعام کی تاریخ میں کئی سال ایسے بھی گزرے ہیں جب مختلف وجوہات کی بنا پر کسی ایک شعبے میں انعام نہیں دیا گیا۔ طبیعات کے شعبے میں 1916ء، 1931ء، 1934ء، 1940ء، 1941ء، 1942ء،

کیمیا کے شعبے میں 1917ء، 1919ء، 1924ء، 1933ء، 1940ء، 1941ء، 1944ء

طب کے شعبے میں 1915ء، 1916ء، 1917ء، 1918ء، 1921ء، 1925ء، 1940ء، 1941ء، 1942ء

ادب کے شعبے میں 1914ء، 1918ء، 1935ء، 1940ء، 1941ء، 1942ء، 1943ء

امن کے شعبے میں 1914ء، 1916ء، 1918ء، 1923ء، 1924ء، 1928ء، 1932ء، 1939ء، 1940ء، 1941ء، 1942ء، 1943ء، 1948ء، 1955ء، 1956ء، 1966ء، 1967ء، 1972ء میں انعامات نہیں دیئے گئے تاہم ان پانچوں شعبوں کے انعامات کی رقم آئندہ کے انعامات کے لئے محفوظ کر لی گئی تھی۔

معیشت وہ واحد شعبہ ہے جس میں 1969ء سے ہر سال نوبیل پرائز دیا گیا ہے۔

ایک سے زیادہ مرتبہ انعام یافتہ

نوبیل پرائز کی ابتداء سے لے کر 2005ء تک صرف چار ایسی نابغہ روزگار شخصیات ہیں جنہوں نے دو مرتبہ نوبیل پرائز حاصل کیا۔ جن میں اپنی انفرادیت کے لحاظ سے امریکہ کے لینس پالنگ واحد شخصیت ہیں جنہوں نے دو مختلف شعبوں میں انفرادی حیثیت میں 1954ء میں کیمیا میں اور 1962ء میں امن کے شعبے میں نوبیل پرائز حاصل کیا۔

اسی طرح فرانس کی عظیم خاتون سائنسدان مادام میری کیوری کو بھی دو مرتبہ یہ اعزاز عطا کیا گیا۔ انہوں نے 1903ء میں طبیعات کے شعبے میں دو حضرات جن میں سے ایک ان کے شوہر پیری کیوری تھے کے ساتھ اور ایک مرتبہ 1911ء میں کیمیا کے شعبے میں انفرادی حیثیت سے نوبیل پرائز حاصل کیا۔

برطانیہ سے تعلق رکھنے والے فریڈرک سانگر نے کیمیا کے شعبے میں 1958ء میں انفرادی حیثیت یعنی کسی اور کی شراکت کے بغیر اور پھر 1980ء میں دیگر دو حضرات کی شراکت میں نوبیل پرائز حاصل کیا۔

اس کے علاوہ امریکہ سے تعلق رکھنے والے جان بارڈین نے، جن کا تعلق طبیعات کے شعبے سے تھا، 1956ء اور 1972ء میں دونوں مرتبہ دیگر دو ماہرین کے ساتھ یہ اعزاز حاصل کیا۔

ان اشخاص کے علاوہ دو ادارے بھی ایسے ہیں جنہوں نے ایک سے زیادہ مرتبہ نوبیل پرائز حاصل کیا ہے۔ 1863ء میں تشکیل دی گئی ''انٹرنیشنل کمیٹی آف ریڈ کراس'' نے 1917ء اور 1944ء میں انفرادی طور پر اور 1963ء میں ''لیگ آف ریڈ کراس سوسائٹی'' کی شراکت میں امن کا نوبیل پرائز حاصل کیا۔ واضح رہے کہ تین مرتبہ نوبیل انعام حاصل کرنے کی کسی بھی شعبے میں یہ واحد مثال ہے۔ اقوام متحدہ کے زیر اہتمام مہاجرین کی بحالی کے لئے کام کرنے والا ادارہ ''آفس آف دی یونائیٹڈ نیشن ہائی کمشنر فار ریفیوجیز'' (UNHCR) نے دو مرتبہ 1954ء اور 1981ء میں نوبیل پرائز برائے امن حاصل کیا ہے۔

رشتہ داریاں اور نوبیل پرائز

باپ بیٹے:

1915ء طبیعات کا مشترکہ نوبیل انعام برطانیہ کے سر ولیم ہنری برگ (باپ) اور ولیم لارنس برگ (بیٹا)، 1922ء طبیعات کا نوبیل انعام (انفرادی) ڈنمارک کے نیلس ہیزک ڈیوڈ بوہر (باپ) اور 1975ء طبیعات کا انعام ایج نیلس بوہر (بیٹا)۔

1929ء کیمیا کا نوبیل انعام سویڈن کے ہینز وان ایلور چیپلن (باپ) اور 1970ء طب کا انعام الف وان ایلور (بیٹا)

1924ء طبیعات کا نوبیل انعام (انفرادی) سویڈن کے کارل مان جارج سیج بہان (باپ) اور 1981ء طبیعات کا انعام کائی ایم سیج بہان (بیٹا)۔

1906ء طبیعات کا نوبیل انعام (انفرادی) برطانیہ کے جوزف جان تھامسن (باپ) اور 1937ء طبیعات کا انعام جارج پیجٹ تھامسن (بیٹا)۔

باپ بیٹی:

1903ء میں طبیعات کا انعام فرانس کے پیری کیوری (باپ) اور 1935ء کیمیا کا نوبیل انعام ایرینا جیولٹ کیوری (بیٹی)

ماں بیٹی:

1903ء طبیعات کا نوبیل انعام فرانس کی میری کیوری (ماں) اور 1935ء کیمیا کا نوبیل انعام ایرینا جیولٹ کیوری (بیٹی)

میاں بیوی:

1903ء طبیعات کا مشترکہ نوبیل انعام فرانس کے پیری کیوری (شوہر) اور میری کیوری (بیوی)

1935ء کیمیا کا مشترکہ نوبیل انعام فرانس کے فریڈرک جیولٹ (شوہر) اور ایرینا جیولٹ کیوری (بیوی)

1947ء طب کا مشترکہ نوبیل انعام امریکہ کے کارل کیری (شوہر) اور گریٹی تھریسا کیری (بیوی)،

1947ء معیشت کا نوبیل انعام سویڈن کے گورنر مارڈیل (شوہر) اور 1982ء امن کا نوبیل انعام ایلوا مارڈیل (بیوی)۔

بھائی:

1969ء معیشت کا نوبیل انعام ہالینڈ کے جان تنبر جن اور 1973ء کا طب کا نوبیل انعام نکولس تنبر جن جن کی پیدائش ہالینڈ کی تھی مگر انہوں نے انعام برطانوی شہری کی حیثیت سے وصول کیا۔

(سنڈے ایکسپریس 28/اکتوبر 2007ء)

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

مسل نمبر 75260 میں محمد رفیق

ولد فضل الدین قوم آرائیں پیشہ زمیندارہ عمر 66 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن فتح پور ضلع سانگھڑ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 1-7-07 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) زرعی اراضی 14/ایکڑ واقع فتح پور مالیتی -/4200000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/70000 روپے سالانہ آمد از جائیداد بالا ہے۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میں اقرار کرتا ہوں کہ اپنی جائیداد کی آمد پر حصہ آمد بشرح چندہ عام تازیست حسب قواعد صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ کو ادا کرتا رہوں گا۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ محمد رفیق۔ گواہ شد نمبر 1 قمر الزماں شکرانی ولد سعید احمد شکرانی۔ گواہ شد نمبر 2 ممتاز احمد ولد مقصود احمد

مسل نمبر 75261 میں سیفی فرید احمد

ولد رشید احمد قوم آرائیں پیشہ ملازمت عمر 34 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن فتح پور ضلع سانگھڑ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 1-7-07 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) زرعی اراضی 2/ایکڑ واقع فتح پور مالیتی -/600000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/11000 روپے ماہوار بصورت تنخواہ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہو گی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ فرید احمد سیفی۔ گواہ شد نمبر 1 قمر الزمان شکرانی۔ گواہ شد نمبر 2 ممتاز احمد

مسل نمبر 75262 میں شبانہ رضوان

زوجہ رضوان احمد باجوہ قوم باجوہ پیشہ خانہ داری عمر 27 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن گوٹھ احمد پور ضلع سانگھڑ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 1-7-07 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) طلائی زیور 7 تولے مالیتی اندازاً -/105000 روپے (2) حق مہر ادا شدہ -/15000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/500 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہو گی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ شبانہ رضوان۔ گواہ شد نمبر 1 رضوان احمد باجوہ خاوند موصیہ وصیت نمبر 51271۔ گواہ شد نمبر 2 مقصود احمد ولد چوہدری محمد انور

مسل نمبر 75263 میں عبدالرشید

ولد بشیر احمد قوم آرائیں پیشہ زمیندارہ عمر......سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن گوٹھ احمد پور ضلع سانگھڑ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 1-7-07 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) زرعی اراضی 4 کنال 2/ایکڑ واقع گوٹھ احمد پور مالیتی -/600000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/21600 روپے سالانہ آمد از جائیداد بالا ہے۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میں اقرار کرتا ہوں کہ اپنی جائیداد کی آمد پر حصہ آمد بشرح چندہ عام تازیست حسب قواعد صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ کو ادا کرتا رہوں گا۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ عبدالرشید۔ گواہ شد نمبر 1 سعید احمد ولد عبدالرشید۔ گواہ شد نمبر 2 رضوان احمد باجوہ ولد چوہدری ریاض احمد باجوہ

مسل نمبر 75264 میں بشریٰ نیاز

